احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

پیر 28 مارچ 2005ء

روزنامہ
ٹیلی فون نمبر: 213029
C.P.L 29

# الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

پیر 28 مارچ 2005ء 17 صفر 1426 ہجری 28 امان 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 68


## ٹھاٹھیں مارتا سمندر

حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:
میرے سامنے گزشتہ امتیں پیش کی گئیں۔ میں نے دیکھا کہ کسی نبی کے ساتھ چھوٹا سا گروہ ہے کسی کے ساتھ ایک دو آدمی ہیں اور کسی کے ساتھ کوئی بھی نہیں پھر ایک انبوہ عظیم حضرت موسیٰؑ کی امت کا دکھایا گیا۔ پھر میں نے ایک افق سے دوسرے افق تک لوگوں کا ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر دیکھا اور مجھے بتایا گیا کہ یہ میری امت ہے۔ ان میں ستر ہزار لوگ ایسے ہیں جو بغیر حساب اور باز پرس کے جنت میں داخل ہوں گے۔

(صحیح بخاری کتاب الرقاق باب یدخل الجنۃ حدیث نمبر 6059)

## ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

قیامت کا نمونہ روحانی حیات کے بخشنے میں اس ذات کامل الصفات نے دکھایا جس کا نام نامی محمدؐ ہے صلی اللہ علیہ وسلم۔ سارا قرآن اول سے آخر تک یہ شہادت دے رہا ہے کہ یہ رسول اس وقت بھیجا گیا تھا کہ جب تمام قوتیں دنیا کی روح میں مرچکی تھیں اور فساد روحانی نے بر و بحر کو ہلاک کر دیا تھا۔ تب اس رسول نے آ کر نئے سرے سے دنیا کو زندہ کیا اور زمین پر توحید کا دریا جاری کر دیا۔ اگر کوئی منصف فکر کرے کہ جزیرۂ عرب کے لوگ اول کیا تھے اور پھر اس رسول کی پیروی کے بعد کیا ہو گئے اور کیسی ان کی وحشیانہ حالت اعلیٰ درجہ کی انسانیت تک پہنچ گئی اور کس صدق وصفا سے انہوں نے اپنے ایمان کو اپنے خونوں کے بہانے سے اور اپنی جانوں کے فدا کرنے اور اپنے عزیزوں کو چھوڑنے اور اپنے مالوں اور عزتوں اور آراموں کو خدا تعالیٰ کی راہ میں لگانے سے ثابت کر دکھایا تو بلاشبہ ان کی ثابت قدمی اور ان کا صدق اپنے پیارے رسول کی راہ میں ان کی جانفشانی ایک اعلیٰ درجہ کی کرامت کے رنگ میں اس کو نظر آئے گی۔ وہ پاک نظر ان کے وجودوں پر کچھ ایسا کام کر گئی کہ وہ اپنے آپ سے کھوئے گئے اور انہوں نے فنافی اللہ ہو کر صدق اور راستبازی کے وہ کام دکھلائے جس کی نظیر کسی قوم میں ملنا مشکل ہے۔ اور جو کچھ انہوں نے عقائد کے طور پر حاصل کیا تھا وہ یہ تعلیم نہ تھی کہ کسی عاجز انسان کو خدا مانا جائے یا خدا تعالیٰ کو بچوں کا محتاج ٹھہرایا جائے بلکہ انہوں نے حقیقی خدائے ذوالجلال جو ہمیشہ سے غیر متبدل اور حیّ وقیّوم اور ابن اور اب ہونے کی حاجات سے منزّہ اور موت اور پیدائش سے پاک ہے بذریعہ اپنے رسول کریم کے شناخت کر لیا تھا اور وہ لوگ سچ مچ موت کے گڑھے سے نکل کر پاک حیات کے بلند مینار پر کھڑے ہو گئے تھے اور ہر یک نے ایک تازہ زندگی پالی تھی اور اپنے ایمانوں میں ستاروں کی طرح چمک اٹھے تھے۔

(آئینہ کمالات اسلام۔ روحانی خزائن جلد 5 ص 204)

## خطبہ جمعہ پانچ بجے نشر ہوگا

☆ انگلستان میں وقت کی تبدیلی کے باعث یکم اپریل 2005ء سے حضور کا خطبہ جمعہ شام چھ بجے کی بجائے پانچ بجے نشر ہوا کرے گا۔ احباب مطلع رہیں۔

## اپنے فرائض کا جائزہ لیتے رہیں

جن احباب جماعت کو بحیثیت سیکرٹری تحریک جدید خدمت کرنے کا موقع مل رہا ہے انہیں وقتاً فوقتاً اپنے فرائض کا جائزہ لیتے رہنا چاہئے مثلاً اب جبکہ ہمارے پیارے امام ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی طرف سے اعلان سالِ نو فرمائے ہوئے چار ماہ گزر چکے ہیں یہ جائزہ لینا ضروری ہے کہ تحریک جدید کی ضرورت کے مطابق جماعت کے وعدے مرکز میں بھجوا دیئے گئے ہیں یا نہیں۔ وعدہ جات کی میعاد کے متعلق سیدنا حضرت مصلح موعود فرما گئے ہیں۔ کہ اس میعاد کے اندر "تحریک جدید اعلان کرے کہ ان کی ضرورتیں پوری ہوگئی ہیں۔" (تحریک جدید کی طرف سے سال بھر کی ضرورتوں کا اندازہ ٹارگٹ کی صورت میں معین کیا جاتا ہے) اندریں صورت سیکرٹری صاحبان تحریک جدید جائزہ لیں کہ ان کی جماعت کے وعدے ٹارگٹ کے مطابق مرکز بھجوا دیئے گئے ہیں۔

(وکیل المال اول تحریک جدید)

## ربوہ کے پلاٹس ومکانات کی خرید وفروخت

ربوہ کے پلاٹس ومکانات کی خرید وفروخت کے سلسلہ میں ضروری ہے کہ مقاطعہ گیر سودے کی تکمیل کی کارروائی خود کروائے اور اگر مختار نامہ کی ضرورت ٹھہرے تو لازم ہوگا کہ مختار نامہ دینے سے پہلے دفتر کمیٹی آبادی سے اس کی منظوری حاصل کرنے کے بعد مختار نامہ تیار کروائے۔ بصورت دیگر مختار نامہ کے ذریعہ دفتر ہذا میں کارروائی نہ ہوگی۔ نیز ضروری ہوگا کہ مختار نامہ کی اجازت ملنے کے دو ماہ کے اندر انتقال کی کارروائی مختار نامہ کے ذریعہ مکمل کی جائے اس مدت کے گزرنے کے بعد مختار نامہ کا اجازت نامہ منسوخ متصور ہوگا۔ (سیکرٹری کمیٹی آبادی)

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

# عالم روحانی کے لعل وجواہر (نمبر 335)

## حضرت بانی سلسلہ احمدیہ کی مہمان نوازی

ڈاکٹر سید محمد حسین شاہ صاحب اسسٹنٹ کیمیکل اگزیمیز پنجاب کا اصل وطن موضع کالا چپّی تحصیل شکر گڑھ (سابق ضلع گورداسپور) تھا آپ 1878ء میں لکی مروت ضلع بنوں میں پیدا ہوئے۔ 1901ء یا 1902ء میں حضرت بانی سلسلہ احمدیہ کی خدمت اقدس میں قادیان دارالامان حاضر ہوئے اور دست مبارک پر بیعت کی سعادت لازوال پائی۔ آپ کے خداداد رعب اور تقویٰ سے متاثر ہو کر آپ کے خاندان کے تمام فہمیدہ افراد 1910ء تک شامل جماعت ہو گئے۔ 26/اپریل 1939ء کو آپ کا انتقال ہوا۔

آپ ہی کی فرودگاہ واقع احمدیہ بلڈنگس لاہور میں مامور وقت مع افراد بیت اپنے آخری سفر لاہور (27/اپریل تا 26 مئی 1908ء) کے دوران رونق افروز رہے اور پورے ماحول کو بقعہ نور بنا دیا۔ **آپ کو جناب الٰہی سے اپنے محبوب و مقدس اور جان سے عزیز آقا اور محسن اور آپ کے مقدس قافلہ کی مہمان نوازی اور ضیافت کا حق ادا کرنے کی عظیم الشان توفیق عطا ہوئی مگر آہ**

حیف در چشم زدن صحبت یار آخر شد
روئے گل سیر ندیدم و بہار آخر شد

آپ کے صاحبزادہ کرنل سید بشیر حسین صاحب رقم فرماتے ہیں:۔

جب کبھی آپ سے بیعت کی وجہ پوچھی جاتی تو کہا کرتے تھے کہ جب میں پہلی دفعہ قادیان گیا تو میرا خیال تھا، کہ یہ ایک پیروں کی سی گدی ہوگی وہاں جا کر مجھے حضرت مرزا صاحب کو پہچاننے میں دقت ہوئی کیونکہ آپ مجمع میں دوسرے لوگوں کے ساتھ اس طرح مل کر بیٹھے ہوئے تھے کہ مجھے پوچھنا پڑا کہ۔

حضرت صاحب کون ہیں؟ ایک تو اس بات نے دوسرے اس چیز نے مجھ پر بڑا اثر کیا کہ کسی نے سوال کیا کہ حضرت آپ کی جماعت کے لوگ داڑھی اکثر نہیں رکھتے۔ آپ حکم دیں کہ وہ داڑھی رکھا کریں۔ اس کے جواب میں حضرت مرزا صاحب نے فرمایا کہ مجھے لوگوں کے دلوں کا فکر ہے جب دل ٹھیک ہو جائیں گے تو داڑھیاں خود ہی آ جائیں گی۔ واپس آ کر میں نے سوچا کہ ایسا بزرگ جھوٹا نہیں ہو سکتا چنانچہ میرے دل نے فیصلہ کر لیا کہ جماعت میں ضرور شریک ہونا چاہئے، چنانچہ میں فوراً بعد حاضر خدمت ہوا بیعت کر لی۔

ان دنوں لاہور میں............ڈاکٹر صرف تین تھے ایک حضرت شاہ صاحب مرحوم، دوسرے حضرت ڈاکٹر مرزا یعقوب بیگ صاحب اور تیسرے ڈاکٹر ہدایت اللہ صاحب جو غیر احمدی تھے ان لوگوں کی پرائیویٹ پریکٹس سے ان کی آمدنی ہزاروں تک پہنچی ہوئی تھی، لیکن اول الذکر دونوں ڈاکٹر اپنا نقصان کر کے ہر ہفتہ کے دو دن ضرور قادیان چلے جاتے تھے۔“

(تذکرہ انصار احمدیہ حصہ اول صفحہ 99-100)

پھر تحریر فرماتے ہیں:۔

”حضرت مسیح موعود اپنے آخری سفر لاہور میں ان ہی کے مہمان رہے اور تمام عملہ کا خرچ اور مہمان نوازی بیگم صاحبہ کے ذمہ ہی تھی، گھر میں ہر وقت کھانا تیار ہوتا تھا کیونکہ جماعت کے بزرگ زیارت کے لئے آتے رہتے تھے۔ نیز حضرت کا خاندان اور ملازم بھی حضور کے ساتھ تھے۔ اس لئے حضرت صاحب اکثر بیگم شاہ صاحب کو بلا کر نہایت پدرانہ محبت اور شفقت سے پیش آیا کرتے تھے اور فرمایا کرتے کہ ہماری وجہ سے ہماری بیٹی کو بہت کام کرانا اور کرنا پڑتا ہے۔ والدہ صاحبہ مرحومہ اکثر یہ کہا کرتی تھیں کہ حضرت مرزا صاحب میں ایک خاص روحانی نور نظر آتا تھا جو عام انسانوں میں نہیں پایا جاتا۔“

(ایضاً صفحہ 107)

## خواتین احمدیت کے لئے دائمی لائحہ عمل میں

حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ کی ایک زندہ جاوید تحریر اور آب زر سے لکھی جانے والی نصائح:

”ایک موقعہ پر ایک لڑکی کو نصیحت فرماتے ہوئے حضرت مسیح موعود نے فرمایا تھا کہ ’مانا کہ گناہ مرد و عورت یکساں گناہ ہی ہے۔ تاہم عورت کو اپنی عصمت کی حفاظت بہت زیادہ کرنی لازم ہے۔ عورت کی عزت بہت نازک چیز ہے۔ موتی ایک دفعہ بندھ جاتا ہے تو اپنی آب ہمیشہ کے لئے کھو دیتا ہے۔‘ ہمیشہ اپنی عصمت و عزت کی حفاظت کرو اور سمجھو کہ تم **اپنے میکے اور سسرال کی عزت کی محافظ ہو۔**

پردہ کا حکم وہ حکم ہے جس میں خصوصیت سے اللہ تعالیٰ نے عورت کو مخاطب فرمایا ہے۔ اس حکم کی ذمہ دار اپنے آپ کو جانو۔ کبھی اپنے شوہر یا کسی کے زیر اثر اس کی خلاف ورزی نہ ہو۔ **یہ تمہارا معاملہ تمہارے خدا کے ساتھ ہے۔ کسی اور کا اس میں دخل اندازی کا حق کبھی تسلیم نہ کرنا اور مضبوطی سے اس پر قائم رہنا۔**

فقط مبارکہ۔“ (25دسمبر 1958ء)

(عکس کے لئے ملاحظہ ہو ’مقدس تحریریں‘ از شیخ نذیر احمد فیض صاحب دارالرحمت شرقی ربوہ)

# اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

## درخواست دعا

مکرم سید عبدالسلام باسط صاحب نائب امیر ضلع جہلم لکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان سے سال 2004ء کیلئے خاکسار کی بیٹی وجیہہ سید صاحبہ نے پری انجینئرنگ گروپ میں صدیق بانی گولڈ میڈل اور سکالر شپ حاصل کرنے کی توفیق پائی۔ وجیہہ سید صاحبہ مکرم سید عبدالباسط صاحب مرحوم سابق نائب معتمد خدام الاحمدیہ مرکزیہ ابن مکرم سید میر مہدی حسین صاحب رفیق حضرت مسیح موعود یکے از ۳۱۳ کی پوتی اور مکرم سید سعید احمد صاحب مرحوم ابن سید لال شاہ صاحب سابق صدر منڈی واربرٹن ضلع شیخوپورہ کی نواسی ہے۔ احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ بچی اور اس کے دیگر بھائی بہنوں کو آئندہ بھی اعلیٰ کامیابیوں سے نوازتا رہے اور سب کو دین کا سچا خادم اور والدین کیلئے قرۃ العین بنائے۔ آمین

## ولادت

مکرم مظہر اقبال صاحب ناظم ارشاد وقف جدید ربوہ لکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے مکرم محمد حسان ادریس صاحب و مکرمہ سامعہ ادریس صاحبہ کو مورخہ 10 مارچ 2005ء کو پہلا بیٹا عطا فرمایا ہے۔ جس کا نام میر علی ادریس تجویز ہوا ہے۔ نومولود مکرم کنور ادریس صاحب و ڈاکٹر خالدہ ادریس صاحبہ کا پوتا اور مکرم منیر نواز صاحب و مکرمہ عابدہ منیر صاحبہ کا نواسہ ہے۔ احباب جماعت کی خدمت میں دعا کی درخواست ہے اللہ تعالیٰ بچے کو صحت والی لمبی عمر عطا فرمائے اور نیک صالح اور خادم دین بنائے۔

## ولادت

مکرم طاہر احمد خالد صاحب مربی سلسلہ رائے ونڈ ضلع لاہور کو اللہ تعالیٰ نے ایک بیٹی ایمان طاہر کے بعد مورخہ 21 مارچ 2005ء کو پہلے بیٹے سے نوازا ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے از راہ شفقت نومولود کا نام عاشر احمد عطا فرمایا ہے اور وقف نو کی بابرکت تحریک میں بھی منظور فرمایا ہے۔ نومولود مکرم چوہدری اللہ رکھا صاحب سدھو گوٹھ شریف آباد نبی سر روڈ سندھ کا پوتا اور مکرم محمد ارشد صاحب سندھو چک نمبر 105 گ۔ب بنگے تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد کا نواسہ ہے۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ بچے کو نیک، صالح اور خادم دین بنائے۔ آمین

## اعلان داخلہ

پنجاب گورنمنٹ ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی رائے ونڈ روڈ کیمپس لاہور نے درج ذیل فیلڈز میں ایک سالہ ڈپلومہ میں داخلہ کا اعلان کیا ہے۔ (i) بائیو میڈیکل ٹیکنالوجی (ii) انوائرنمنٹل کنٹرول ٹیکنالوجی درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 5۔ اپریل 2005ء ہے جبکہ ٹیسٹ 11۔ اپریل 2005ء کو ہوگا مزید معلومات کیلئے روزنامہ جنگ مورخہ 21 مارچ 2005ء ملاحظہ کریں۔

فیڈرل پوسٹ گریجوایٹ میڈیکل انسٹیٹیوٹ شیخ زاید پوسٹ گریجوایٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ لاہور نے درج ذیل فیلڈز میں بحیثیت ٹرینی رجسٹرارز و سینیئر ہاؤس آفیسر داخلے کا اعلان کیا ہے۔ (i) انیستھیزیا (ii) ای این ٹی (iii) میڈیسن (iv) نیفرالوجی (v) کارڈیالوجی (vi) گیسٹرو اینٹیرالوجی (vii) نیورالوجی (viii) پلمونالوجی (ix) پیڈیاٹرکس (x) ہیماٹالوجی (xi) ریڈیالوجی (xii) جنرل سرجری (xiii) کارڈیک سرجری (xiv) پیڈ سرجری (xv) نیورو سرجری (xvi) پلاسٹک سرجری (xvii) آفتھلمالوجی (xviii) یورالوجی (xix) گائنی اینڈ آبسٹیٹرکس (xx) جنرل سرجری۔

درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 9۔ اپریل 2005ء ہے۔ مزید معلومات کیلئے روزنامہ جنگ مورخہ 21 مارچ 2005ء ملاحظہ کریں۔

(نظارت تعلیم)

## درخواست دعا

☆ مکرمہ بشریٰ محمود صاحبہ آف جرمنی تحریر کرتی ہیں کہ خاکسار کی والدہ محترمہ رضیہ بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم چوہدری مشتاق احمد صاحب کلفٹن کراچی عرصہ سے تین ماہ سے بعارضہ فالج بیمار ہیں۔ احباب جماعت سے خصوصی دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے جلد اور مکمل صحت عطا فرمائے۔ آمین

## گمشدہ رسید بک

مجلس انصاراللہ پاکستان کی رسید بک نمبر 3396 مجلس انصاراللہ بدوملہی ضلع نارووال سے گم ہو گئی ہے۔ درج بالا رسید بک پر کسی قسم کا کوئی چندہ ادا نہ کیا جائے۔ اگر کسی دوست کو ملے تو براہ کرم دفتر میں بھجوا کر ممنون فرمائیں۔

(قائد مال مجلس انصاراللہ پاکستان)

## انفاق فی سبیل اللہ کی برکات و فضائل ۔ احادیث نبویہؐ کی روشنی میں

# سخی اللہ تعالیٰ، جنت اور لوگوں سے قریب اور دوزخ سے دور ہوتا ہے

عبدالسمیع خان

انفاق فی سبیل اللہ ایک بہت اعلیٰ درجہ کی نیکی اور بے شمار برکات کی حامل ہے۔ جس کا خلاصہ آنحضرت ﷺ نے قرب الٰہی، محبت مخلوق الٰہی اور حصول جنت قرار دیا ہے۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے انفاق فی سبیل اللہ کرنے والوں اور نہ کرنے والوں کے درمیان ایک تفصیلی موازنہ فرمایا ہے۔

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا سخی اللہ کے قریب ہوتا ہے۔ جنت کے قریب ہوتا ہے۔ لوگوں کے قریب ہوتا ہے اور دوزخ سے دور ہوتا ہے۔ اس کے برعکس بخیل اللہ تعالیٰ سے دور ہوتا ہے۔ جنت سے دور ہوتا ہے لوگوں سے دور ہوتا ہے مگر دوزخ کے قریب ہوتا ہے اور ان پڑھ سخی بخیل عابد سے اللہ تعالیٰ کو زیادہ محبوب ہے۔

(جامع ترمذی کتاب البر والصلہ باب السخاء حدیث نمبر 1884)

ان برکات کی تفصیل اور ان کے جلو میں نازل ہونے والی اللہ تعالیٰ کی رحمتوں کا بھی رسول کریم ﷺ نے بڑی شرح وبسط کے ساتھ ذکر فرمایا ہے اور مختلف پیرایوں میں انسان کو خرچ کرنے کی ترغیب دی ہے۔ کبھی تبشیر کے رنگ میں کبھی انذار کے پہلو سے، کبھی جنت کی نوید دے کر، کبھی دوزخ سے ڈرا کر، کبھی مال بڑھنے کا وعدہ دے کر، کبھی مال کم نہ ہونے کی قسم کھا کر۔ غرض مختلف انسانی طبائع کو مختلف شکلوں میں انفاق کی طرف راغب فرمایا۔ آیئے رسول اللہ ﷺ کی حکمت اور تبلیغ حق کے انداز ملاحظہ کریں۔

## رضائے الٰہی

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے بنی اسرائیل کے تین آدمیوں کا واقعہ سنایا۔ ایک کوڑھی دوسرا گنجا اور تیسرا اندھا تھا۔ آزمائش کے طور پر ان کی بیماریاں دور کر دی گئیں اور منہ مانگے اموال دے دیئے گئے۔ پھر ایک فرشتہ انسانی شکل میں باری باری سب کے پاس گیا اور اللہ کے نام پر مانگا۔ تو سابقہ کوڑھی اور سابقہ گنجے نے اس غریب کو دھتکار دیا۔ جس کے نتیجے میں وہ پرانی حالت پر واپس چلے گئے مگر سابقہ اندھے نے دل کھول کر دیا۔ اس پر فرشتے نے اسے کہا اللہ تعالیٰ تجھ سے راضی ہے اور تیرے ساتھیوں پر ناراض ہے۔

(صحیح بخاری کتاب الانبیاء باب حدیث ابرص حدیث نمبر 3205)

## حقوق العباد کی ادائیگی

حضرت ابو ذر غفاریؓ بیان کرتے ہیں کہ

آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔ تمہارے جسم کے ہر عضو پر صبح صدقہ واجب ہوتا ہے۔ ہر تسبیح صدقہ ہے۔ الحمدللہ کہنا صدقہ ہے۔ لاالہ الا اللہ کہنا صدقہ ہے۔ تکبیر کہنا صدقہ ہے۔ نیکی کا حکم دینا اور برائی سے روکنا بھی صدقہ ہے۔

(صحیح مسلم کتاب صلوٰۃ المسافرین باب استحباب صلوٰۃ الضحیٰ حدیث نمبر 1181)

حضرت ابو سعید خدریؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک دفعہ ہم آنحضرت ﷺ کے ہم سفر تھے۔ ایک شخص سواری پر آیا اور دائیں بائیں دیکھنے لگا یعنی بڑا ضرورت مند نظر آتا تھا۔ اس پر آنحضرت ﷺ نے فرمایا جس کے پاس زائد سواری ہو اسے دے دے جس کے پاس سواری نہیں۔ جس شخص کے پاس زائد خوراک ہے وہ اسے دے دے جس کے پاس کوئی زادِ راہ نہیں۔ آپؐ نے اسی طرح مال کی مختلف اقسام کا ذکر فرمایا۔ یہاں تک کہ ہم سمجھنے لگے کہ شائد ضرورت سے زیادہ اموال میں کسی کا کوئی ذاتی حق ہی نہیں اور اسے چاہئے کہ وہ اس زائد مال کو خدا کی راہ میں خرچ کرنے پر ہمیشہ تیار رہے۔

(مسلم کتاب اللقطہ باب استحباب المؤاساہ بفضول المال حدیث نمبر 3258)

## مال میں اضافہ

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا جب کوئی شخص کھجور کے برابر صدقہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے دائیں ہاتھ سے قبول کرتا ہے پھر اسے صدقہ کرنے والے کے لئے بڑھاتا اور ترقی دیتا ہے یہاں تک کہ وہ کھجور پہاڑ کے برابر ہو جاتی ہے۔ جس طرح تم میں سے کوئی اپنے گھوڑے کے بچے کی پرورش کرتا ہے۔

(صحیح بخاری کتاب الزکوٰۃ باب الصدقۃ من کسب طیب حدیث نمبر 1321)

حضرت ابو مسعود انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب آنحضرت ﷺ ہمیں صدقہ دینے کی تلقین فرماتے تو ہم لوگ بازاروں میں چلے جاتے اور مزدوری کرتے اور جو تھوڑی بہت رقم ملتی اسے پیش کر دیتے۔

ابو مسعودؓ کہتے ہیں آج ان میں سے کئی صحابہ لاکھوں کے مالک ہیں۔

(صحیح بخاری کتاب الزکوٰۃ باب اتقوا النار حدیث نمبر 1327)

حضرت ابو کبشہ انماریؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔ تین باتیں میں قسم کھا کر بیان کرتا ہوں انہیں اچھی طرح یاد رکھو۔ کسی بندے کا مال صدقہ کی وجہ سے کم نہیں ہوتا۔ جب کسی پر ظلم کیا جائے اور وہ اس پر صبر کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی عزت بڑھاتا ہے۔ اور جب کوئی شخص سوال کا دروازہ کھولتا ہے تو اللہ اس کے لئے فقر کا دروازہ کھول دیتا ہے۔

(جامع ترمذی کتاب الزھد باب مثل الدنیا حدیث 2247)

رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ اللہ فرماتا ہے اے ابن آدم! خرچ کرتا رہ۔ میں تجھے عطا کروں گا۔

(بخاری کتاب النفقات باب فضل النفقہ حدیث نمبر 4933)

حضرت نبی کریم ﷺ نے ایک دفعہ حضرت اسماءؓ بنت ابوبکر کو نصیحت فرمائی لاتحصی فیحصی اللہ علیک

اللہ کی راہ میں گن گن کر خرچ نہ کیا کرو۔ ورنہ اللہ تعالیٰ بھی تمہیں گن گن کر ہی دے گا۔

لاتو کی فیوکی علیک

اپنی روپوں کی تھیلی کا منہ (بخل کی راہ سے) بند کر کے نہ بیٹھ جانا ورنہ پھر اس کا منہ بند ہی رکھا جائے گا (یعنی اگر کوئی روپیہ اس سے نکلے گا نہیں تو آئے گا کہاں سے؟) جتنی طاقت ہے دل کھول کر خرچ کیا کرو۔

(بخاری کتاب الزکوٰۃ باب التحریص علی الصدقۃ حدیث نمبر 1344,1343)

آنحضرت ﷺ نے فرمایا جو لوگ دنیا میں بہت مال و دولت رکھتے ہیں آخرت میں وہی نادار ہوں گے سوائے اس شخص کے جس کو اللہ نے دولت دی ہو پھر وہ دائیں اور بائیں اور آگے اور پیچھے (چاروں طرف) اس کو لٹائے (محتاجوں کو دے) اور دولت کو نیک کام میں خرچ کرے وہ آخرت میں نادار نہ ہوگا۔

(صحیح بخاری کتاب الرقاق باب المکثرون ھم المقلون حدیث نمبر 5962)

## باعث اجر

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا جب کوئی عورت اپنے خاوند کے مال میں سے کچھ خیرات کرے بشرطیکہ نیت فساد کی نہ ہو تو اس عورت کو بھی ثواب ملے گا، خاوند کو بھی ثواب ملے گا اور خازن کو بھی ثواب ملے گا۔

(صحیح بخاری کتاب الزکوٰۃ باب اجر المرءۃ حدیث نمبر 1350)

آنحضرت ﷺ نے حضرت سعد بن ابی وقاصؓ سے فرمایا تو جو کچھ بھی رضائے الٰہی کی نیت سے راہ خدا میں خرچ کرے حتیٰ کہ اپنی بیوی کے منہ میں لقمہ بھی ڈالے تو اس کا بھی تجھے اجر دیا جائے گا۔

(صحیح بخاری کتاب الایمان باب ان الاعمال بالنیات حدیث نمبر 54)

## نیکیوں کی توفیق

حضرت حکیم بن حزامؓ نے عرض کیا یا رسول اللہؐ کفر کے زمانہ میں جو میں نے نیکیاں کی ہیں جیسے خیرات کرنا، غلام آزاد کرنا، صلہ رحمی کرنا۔ کیا ان کا ثواب مجھ کو ملے گا۔ آپؐ نے فرمایا تو جتنے نیک کام کر چکا ہے انہی کی وجہ سے مسلمان ہوا ہے۔

(صحیح بخاری کتاب الزکوٰۃ باب من تصدق فی الشرک حدیث نمبر 1346)

## کامل نیکی کا حصول

جب سورۃ آل عمران کی آیت 93 نازل ہوئی کہ تم کامل نیکی کو نہیں پاسکتے جب تک اپنی پسندیدہ اشیاء خدا کی راہ میں خرچ نہ کرو۔ تو حضرت زید بن حارثہؓ اپنا محبوب گھوڑا شبلہ حضورؐ کی خدمت میں لے آئے۔ حضور نے وہ گھوڑا قبول فرما کر ان کے بیٹے اسامہ کو دے دیا۔ اس بات سے زیدؓ کے چہرے پر اداسی پھیل گئی تو حضورؐ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے اس صدقہ کو تمہاری جانب سے قبول فرما لیا ہے۔

(درمنثور جلد 2 ص 260 جلال الدین سیوطی۔ دارالفکر بیروت 1993ء)

## فتنوں سے بچاؤ

حضرت حذیفہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا انسان کو اس کے اہل و عیال اور ہمسایوں کی طرف سے بھی فتنہ پہنچتا ہے۔ جس کو نماز اور صدقہ اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر دور کر دیتے ہیں۔

(بخاری کتاب الزکوٰۃ باب الصدقۃ تکفر الخطیئۃ حدیث نمبر 1245)

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔

حسد نیکیوں کو اس طرح کھا جاتا ہے جیسے آگ ایندھن کو کھا جاتی ہے۔ اور صدقہ خطاؤں کو بجھا دیتا ہے جس طرح پانی آگ کو۔ اور نماز مومن کا نور ہے۔ اور روزہ آگ سے بچنے کے لئے ڈھال ہے۔

(سنن ابن ماجہ کتاب الزھد باب الحسد حدیث نمبر 4200)

## اعمال جاریہ

حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

جب انسان مرجاتا ہے تو اس کے اعمال کا سلسلہ منقطع ہو جاتا ہے سوائے تین اعمال کے۔ صدقہ جاریہ۔ ایسا علم جس سے لوگ فائدہ اٹھائیں اور نیک اولاد جو

میت کے لئے دعا کرے۔
(صحیح مسلم کتاب الوصیۃ باب مایلحق الانسان من الثواب حدیث نمبر 3084)

## رزق حلال کا حصول

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ صرف پاک اور طیب مال قبول کرتا ہے۔
(صحیح بخاری کتاب الزکوٰۃ باب الصدقة من کسب طیب حدیث نمبر 1321)

## انشراح صدر

آنحضرت ﷺ نے اللہ کی راہ میں خرچ کرنے والے کی مثال ان دو آدمیوں جیسی بیان فرمائی۔ جنہوں نے لوہے کے دو جبے سینے سے گلے تک پہن رکھے ہوں، اللہ کی راہ میں خرچ کرنے والا جوں جوں خرچ کرتا جاتا ہے۔ اس کا جبہ مزید کھلا اور فراخ ہوتا جاتا ہے یہاں تک کہ اس کے تمام جسم حتیٰ کہ انگلیوں کے پوروں تک کو ڈھانک لیتا ہے۔ (اور اس کا نشان تک مٹ جاتا ہے) اور بخیل ہر دفعہ جب کچھ خرچ کرنے کا فیصلہ کرتا ہے تو اس کے لوہے کے جبہ کے حلقے تنگ پڑتے جاتے ہیں وہ ان کو کشادہ کرنا چاہتا ہے۔ مگر نہیں کر پاتا۔ (یعنی سخت تنگی اور گھٹن کی کیفیت میں ہوتا ہے۔)
(بخاری کتاب الزکوٰۃ باب مثل البخیل حدیث نمبر 1352)

## قابل رشک

حضرت ابن مسعودؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا دو شخصوں کے سوا کسی پر رشک نہیں کرنا چاہئے۔ ایک وہ آدمی جس کو اللہ تعالیٰ نے مال دیا اور اس نے اسے راہ حق میں خرچ کر دیا۔ دوسرے وہ آدمی جسے اللہ تعالیٰ نے سمجھ، دانائی اور علم وحکمت دی جس کی مدد سے وہ لوگوں کے فیصلے کرتا ہے اور لوگوں کو سکھاتا بھی ہے۔
(بخاری کتاب الزکوٰۃ باب انفاق المال فی حقه حدیث نمبر 1320)

## زاد آخرت

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ صحابہؓ نے ایک بکری ذبح کروائی (اور اس کا گوشت غرباء میں تقسیم کیا اور کچھ گھر میں بھی کھانے کے لئے رکھ لیا) اس پر آنحضرت ﷺ نے دریافت فرمایا کس قدر گوشت بچ گیا۔ میں نے جواب دیا دستی بچی ہے۔ یہ سن کر رسول اللہؐ نے فرمایا سارا بچ گیا ہے سوائے اس دستی کے یعنی جس قدر تقسیم کیا گیا۔
(مسند احمد حدیث نمبر 23107)

ایک بار آنحضرت ﷺ نے صحابہؓ کی مجلس میں ان سے مخاطب ہو کر فرمایا تم میں کوئی ایسا بھی ہے جسے (اپنے بعد میں ہونے والے) وارث کا مال اپنے مال سے زیادہ عزیز اور پیارا ہو۔ صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ہم میں سے کوئی بھی ایسا نہیں جسے اپنا مال زیادہ پیارا نہ ہو۔ آپ نے فرمایا تو پھر یاد رکھو تمہارا اصل مال وہی ہے جو خدا کی راہ میں خرچ کر کے آگے بھجوا چکے ہو جو پیچھے باقی رہ گیا وہ وارثوں کا مال ہے۔
(صحیح بخاری کتاب الرقاق باب ماقدم من ماله فهوله حدیث نمبر 5961)

## نفع مند مال

جب سورۃ آل عمران کی آیت 93 نازل ہوئی کہ تم کامل نیکی کو نہیں پاسکتے جب تک اپنی پسندیدہ اشیاء خدا کی راہ میں خرچ نہ کرو تو حضرت ابوطلحہؓ نے حضور ﷺ سے عرض کیا کہ مجھے بیرحاء نامی اپنا باغ سب سے زیادہ محبوب ہے اسے میں اللہ کی راہ میں صدقہ کرتا ہوں۔ حضورؐ یہ سن کر بہت خوش ہوئے اور فرمایا یہ مال بہت نفع مند ہے۔ بہت عمدہ ہے۔
(صحیح بخاری کتاب التفسیر زیر آیت حدیث نمبر 4189)

## نفع مند سودا

حضرت صہیبؓ ابتدائی مسلمانوں میں سے تھے۔ آپ کمزور طبقہ سے تعلق رکھتے تھے اور حضرت عمار بن یاسرؓ کے ساتھ اسلام لائے تھے۔ انہوں نے ہجرت کرنا چاہی تو کفار نے سخت مزاحمت کی اور کہا کہ تم مکہ میں محتاج ہو کر آئے تھے لیکن یہاں آکر دولتمند ہو گئے اب یہ مال لے کر ہم تمہیں یہاں سے نہیں جانے دیں گے۔ حضرت صہیبؓ نے کہا اگر میں یہ سارا مال تمہیں دے دوں تو پھر جانے دو گے۔ اس پر کفار راضی ہو گئے۔ اور حضرت صہیبؓ سارا مال دے کر متاع ایمان کے ساتھ مدینہ پہنچ گئے۔ آنحضرت ﷺ کو معلوم ہوا تو فرمایا۔ صہیب نے نفع بخش سودا کیا ہے۔
(طبقات ابن سعد جلد 4 ص 227 دار بیروت۔ بیروت 1957ء)

## نجات کا راستہ

حضرت ابوامامہ باہلیؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے آنحضرت ﷺ کو حجۃ الوداع کے موقع پر خطبہ دیتے ہوئے سنا۔ حضورؐ فرما رہے تھے۔

اللہ سے ڈرو۔ پانچ وقت کی نماز پڑھو، ایک ماہ کے روزے رکھو، اپنے اموال کی زکوٰۃ دو اور اپنے اولی الامر کی اطاعت کرو۔ اگر تم ایسا کرو گے تو اپنے رب کی جنت میں داخل ہو جاؤ گے۔
(جامع ترمذی۔ کتاب الجمعہ حدیث نمبر 559)

## زیور پیش کر دیئے

آنحضرت ﷺ نے ایک لڑکی کے ہاتھ میں سونے کے موٹے کنگن دیکھے تو فرمایا۔ کیا تم اس کی زکوٰۃ دیتی ہو اس نے کہا نہیں۔ فرمایا کیا تمہیں پسند ہے کہ خدا تمہیں قیامت کے دن آگ کے کنگن پہنائے اس نے یہ سن کر فوراً کنگن اتار کر آپ کے سامنے ڈال دیئے اور کہا یہ خدا اور رسول کی خدمت میں پیش ہیں۔
(سنن ابی داؤد کتاب الزکوٰۃ باب الکنز حدیث نمبر 1336)

## آگ سے بچاؤ

حضرت عدی بن حاتمؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔ دوزخ کی آگ سے بچو خواہ آدھی کھجور خدا کی راہ میں صدقہ دینے کی استطاعت ہو۔
(صحیح بخاری کتاب الزکوٰۃ باب اتقوا النار حدیث نمبر 1328)

## اوپر والا ہاتھ

حضرت عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے صدقہ دینے اور سوال سے بچنے کی تلقین کی اور فرمایا اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔
(صحیح بخاری کتاب الزکوٰۃ باب الصدقة حدیث نمبر 1339)

## سایہ رحمت

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔ سات آدمی قیامت کے دن سایہ رحمت الٰہی کے نیچے ہوں گے۔ ان میں ایک وہ شخص ہے جس نے اس طرح پوشیدہ طور پر اللہ کی راہ میں صدقہ دیا کہ اس کے بائیں ہاتھ کو بھی خبر نہ ہوئی کہ دائیں ہاتھ نے کیا خرچ کیا۔
(صحیح بخاری کتاب الزکوٰۃ باب الصدقة بالیمین حدیث نمبر 1334)

## دعاؤں کے مستحق

حضرت عبداللہ بن اوفیٰؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس جب کوئی قوم صدقات لے کر آتی تو آپ دعا دیتے اللّٰھم صل علیٰ آل فلان کہ اے اللہ فلاں کی آل پر بھی فضل فرما۔
(صحیح بخاری کتاب الزکوٰۃ باب صلوٰۃ الامام ودعائه حدیث نمبر 1402)

حضرت وائل بن حجرؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے جمع زکوٰۃ کے لئے ایک محصل روانہ فرمایا اسے ایک شخص نے ایک کمزور اور کم عمر اونٹ دیا۔ آنحضرت ﷺ نے دعا کی اے اللہ اس شخص اور اس کے اونٹ میں برکت نہ ڈال۔ اس شخص کو جب یہ خبر پہنچی تو ایک عمدہ اونٹ لے کر حاضر خدمت ہوا اور کہا میں اللہ کے حضور توبہ کا خواستگار ہوں۔ تو رسول اللہؐ نے دعا کی اے اللہ اسے اور اس کے اونٹ میں برکت عطا فرما۔
(سنن نسائی کتاب الزکوٰۃ باب الجمع بین متفرق حدیث نمبر 2415)

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہر صبح دو فرشتے اترتے ہیں۔ ان میں ایک کہتا ہے اے اللہ خرچ کرنے والے کو اور دے اور اس کے نقش قدم پر چلنے والے پیدا کر۔ اور دوسرا کہتا ہے اے اللہ روک کر رکھنے والے کو ہلاکت دے اور اس کا مال برباد کر دے۔
(صحیح بخاری کتاب الزکوٰۃ باب قول الله فاما من اعطیٰ حدیث نمبر 1351)

## پہاڑوں کے کام

قرآن حکیم ہماری توجہ پہاڑوں کے ایک بے حد اہم ارضیاتی کام کی جانب دلاتا ہے۔

اور ہم نے زمین میں پہاڑ بنائے ایسا نہ ہو کہ وہ اہل زمین سمیت شدید زلزلہ میں مبتلا ہو جائے۔
(الانبیاء:32)

اس آیت میں بتایا گیا ہے کہ پہاڑ زمین کو دھچکوں سے بچانے کا کام کرتے ہیں۔

یہ حقیقت قرآن کے نازل ہونے کے وقت کسی کو معلوم نہ تھی۔ اس حقیقت کا علم جدید ارضیاتی تحقیقات کے ذریعے ہوا۔

ان تحقیقات کے مطابق پہاڑ زمین کی بالائی سطح (Earth Crust) کے عظیم الجثہ ٹکڑوں کی حرکات اور ان کے آپس میں ٹکراؤ کے نتیجے میں وجود میں آتے ہیں۔ جب زمین کی ایسی دو پلیٹوں کا ٹکراؤ ہوتا ہے تو ان میں سے طاقتور پلیٹ دوسری کے نیچے سرک جاتی ہے اوپر والی پلیٹ مڑ کر پہاڑ اور بلندی بنا دیتی ہے۔ دبنے والی تہہ نیچے کی جانب مڑ جاتی ہے اور اندر زمین میں گہرائی تک اپنی ایک شاخ بنا دیتی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ پہاڑ گہرائی میں بھی اتنے ہی دبے ہوتے ہیں جتنا زمین کے اوپر ان کے حصے نظر آتے ہیں۔

ایک سائنسی مضمون میں پہاڑوں کی ساخت کے بارے میں کچھ اس طرح بیان کیا گیا ہے:۔

جہاں براعظموں کی موٹائی زیادہ ہوتی ہے جیسا کہ پہاڑی سلسلوں میں وہاں بالائی سطح زمین کے اندر گہرائی تک چلی جاتی ہے۔

ایک آیت میں پہاڑوں کے اس کام کی جانب ”کھونٹوں“ (میخوں) سے ان کا موازنہ کرتے ہوئے اشارہ کیا گیا ہے:۔

”کیا ہم نے زمین کو بچھونا نہیں بنایا؟ اور پہاڑوں کو پیوستہ میخوں کی طرح۔“ (سورۃ النبا: 8,7)

دوسرے الفاظ میں پہاڑ زمین کے اوپر اور نیچے رہ کر ان پلیٹوں کے اتصال کے مقامات پر بالائی سطح زمین کے مختلف حصوں کو آپس میں جکڑ دیتے ہیں۔

اس طرح سے یہ پہاڑ زمین کی چھال کے مختلف حصوں کو آپس میں باندھ دیتے ہیں اور انہیں زمین کے اندر پگھلے ہوئے مادے (Magma Stratum) پر اور پلیٹوں کو آپس میں ایک دوسرے پر پھسلنے اور سرکنے سے محفوظ رکھتے ہیں۔ مختصراً ہم پہاڑوں کو ان کیلوں سے تشبیہ دے سکتے ہیں جو لکڑی کے مختلف ٹکڑوں کو باہم جوڑتی ہیں۔

زمین کے مختلف حصوں کو آپس میں مستحکم رکھنے کے پہاڑوں کے کام کو سائنسی زبان میں ”آئسوسٹیسی (Isostasy)“ کہا گیا ہے۔ آئسوسٹیسی کا مطلب کچھ یوں بیان کیا جا سکتا ہے۔

آئسوسٹیسی بالائی سطح زمین کا عمومی توازن، سطح زمین کے نیچے کشش ثقل کے زیر اثر پتھریلے مواد کے مسلسل بہاؤ کو کہتے ہیں۔

پہاڑوں کا یہ اہم کردار جو جدید ارضیات اور زلزلیاتی تحقیقات کی بدولت دریافت ہوا ہے۔ قرآن میں صدیوں پہلے بتا دیا گیا جو خدائی تخلیق کی عظیم علم و حکمت کی مثال ہے۔

# ذہنی دباؤ کے اثرات، اقسام اور علاج

حکیم ملک مبشر احمد صاحب ریحان

بحالی صحت سے تعلق رکھنے والے تمام افراد عمومی طور پر ذہنی دباؤ اور الجھنوں کو صحت کے لئے مضر سمجھتے رہے ہیں۔ ہر جگہ اور ہر ماحول کے اپنے محرکات ہوتے ہیں جو ذہن میں تناؤ پیدا کرتے ہیں اور ان پر مکمل طور پر قابو پانا تقریباً ناممکن ہوتا ہے۔ اب اس بات کا انحصار ہم پر ہے کہ کس طرح دباؤ اور تناؤ پیدا کرنے والے روزمرہ زندگی کے محرکات سے ہم آہنگی پیدا کریں اور اپنی زندگی خوشگوار بنائیں۔

کوئی مشکل پیچیدہ معاملہ جو کہ ہمارے جسم یا ذہن پر اثر انداز ہو اگر ہماری ذہنی، جسمانی صلاحیتیں مطالبے کو پورا کرنے کی اہلیت رکھتی ہیں تو ہم اپنے ماحول سے لطف اندوز ہوتے ہیں اور اگر صورتحال اس کے برخلاف ہو تو یہ دباؤ ہمارے لئے ناقابل قبول اور تکلیف کا باعث ہوتا ہے۔

## دباؤ کے محرکات

ذہنی دباؤ پیدا کرنے والے محرکات مندرجہ ذیل ہیں:۔

کام (پیشہ) کے متعلق، باہمی تعلقات، زندگی کے اہم واقعات، جسمانی علامات، کمر کا درد، قبض کی شکایت، دست آنا، سینے میں جلن، پٹھوں میں کھچاؤ ہونا، متلی ہونا، تھکن، سانس پھولنا، زیادہ بھوک لگنا، چکر آنا، منہ خشک ہونا، زیادہ پسینہ آنا، بھوک نہ لگنا، بے خوابی، خارش ہونا، دل ڈوبنا اور سردرد وغیرہ۔

## نفسیاتی علامات

غصہ آنا، تشویش، مردہ دلی، بیزاری، اداسی، تھکن، موت کا خوف، احساس گناہ، مایوسی، جارحانہ رویہ، بے صبری، توجہ میں کمی ہونا، چڑچڑا پن، بے چینی وغیرہ۔

## متفرق علامات

ہونٹ کاٹنا، پیر زمین پر مارنا، اضطراری افعال، دانت پیسنا، سردرد، بے چینی میں ٹہلنا، عضلاتی حرکات، معمولی باتوں پر غصہ آنا، ہکلانا، بار بار بال، کان یا ناک کو ہاتھ لگانا، ہاتھوں کا کپکپانا وغیرہ۔

## ذہنی دباؤ کے اثرات

تحقیق سے یہ بات ثابت ہوگئی ہے کہ سڑک پر حادثے ذہنی دباؤ کے شکار افراد کے ساتھ زیادہ پیش آتے ہیں۔ یہ شاید اس وجہ سے ہوتا ہے کہ الجھن اور دباؤ کے شکار افراد کی توجہ آسانی سے بٹ جاتی ہے اور اس کے علاوہ اپنے اطراف میں موجود خطرات کا اتنا خیال نہیں رکھ پاتے جتنا کہ دوسرے لوگ جو ذہنی دباؤ کا شکار نہ ہوں۔

ذہنی دباؤ جسم کے مدافعتی نظام کو بھی کمزور کرتا ہے جس کی وجہ سے دباؤ میں مبتلا لوگ زیادہ بیماریوں کا شکار ہوتے ہیں۔ محققین نے یہ بات بھی ثابت کی ہے کہ دباؤ میں مبتلا لوگ نظام تنفس کی بیماریوں کا شکار ہوتے ہیں۔

## ہائی بلڈ پریشر اور فالج

ہائی بلڈ پریشر کی بیماری ان لوگوں میں زیادہ ہوتی ہے جو کام کے دوران ذہنی دباؤ میں مبتلا ہوتے ہیں۔ جن پر سب سے زیادہ ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں۔ جو اکثر غیر یقینی صورتحال کا شکار رہتے ہیں۔ نفسیاتی وسماجی دباؤ کا دوران خون پر کیا اثر ہوتا ہے۔ اس کا سب سے زیادہ مطالعہ امریکہ میں ان لوگوں پر کیا گیا جو فضائی ٹریفک کنٹرول کرتے ہیں۔ یہ بات ثابت ہوگئی ہے کہ دوسرے پیشوں سے متعلق لوگوں کے مقابلے میں ان لوگوں میں ہائی بلڈ پریشر کا مرض تقریباً چار گنا زیادہ ہوتا ہے۔

یہ بات بھی تحقیق سے ثابت ہو چکی ہے کہ دل کے امراض کے شکار لوگ زیادہ جلد بازی، بے چینی اور اضطراب میں ہوتے ہیں۔

وہ لوگ جو ذہنی دباؤ کے نتیجہ میں سگریٹ نوشی یا شراب نوشی کرتے ہیں پھیپھڑوں، سانس اور کھانے کی نالیوں کے کینسر میں مبتلا ہو سکتے ہیں۔ اس بات کا اندیشہ بھی ظاہر کیا جاتا ہے کہ بہت سے کینسر جسم کے مدافعتی نظام کی کمزوری سے بھی پیدا ہو جاتے ہیں۔

جسمانی طور پر کام میں مصروف رہنا بھی ذہنی دباؤ کو کم کرنے کا ایک مؤثر ذریعہ ہے کیونکہ مصروف رہنے کی وجہ سے دھیان کام میں لگا رہتا ہے اور پریشان سوچیں دور رہتی ہیں۔ یہ جسمانی مصروفیات کھیل کود، بھاگ دوڑ یا کسی مثبت کام کی صورت میں بھی ہو سکتی ہیں۔

یہ بات محسوس کی گئی ہے کہ ارتکاز یا توجہ کو بڑھانے والی مشقیں اگر باقاعدگی سے کی جائیں تو یہ چار طرح سے ذہنی دباؤ کو کم کرنے میں معاون ثابت ہوتی ہیں۔

توجہ کو بڑھاتی ہیں، سوچوں پر قابو پانے میں مددگار ثابت ہوتی ہیں، جذبات کو قابو میں رکھنے میں مددگار بنتی ہیں، جسمانی سکون پہنچاتی ہیں۔

## جسمانی سکون حاصل کرنے کے طریقے

جسمانی سکون کے دیگر طریقے بھی ذہنی دباؤ کم کرنے میں معاون ثابت ہوتے ہیں کیونکہ اس سے ہم اپنے عضلات کو اپنے دماغ کے تابع بناتے ہیں اور دماغ کی مدد سے ان کو پھیلاتے اور سکیڑتے ہیں۔ اس طرح سوچوں کی تربیت بھی ہوتی ہے اور ان پر قابو بھی آ جاتا ہے عمل تنویم بھی سکون پہنچانے کا ایک بہت اہم ذریعہ ہے۔ شعبہ طب سے تعلق رکھنے والوں نے اسے بہت استعمال کیا ہے۔ عالمی ادارہ صحت (WHO) کے مطابق صحت مندی کا مطلب صرف بیماری کی عدم موجودگی نہیں بلکہ مکمل جسمانی، ذہنی، سماجی بہتری اور ہم آہنگی کا نام صحت مندی ہے۔ معاشرے میں کئی طرح کی ذہنی ونفسیاتی بیماریاں پائی جاتی ہیں جن کی تشخیص وعلاج اور اس بارے میں شعور دن بدن بڑھ رہا ہے۔ ذہنی امراض کی جلد تشخیص وعلاج اس بارے میں خاندان کی آگاہی صحت ہی لوگوں کی ذہنی صحت کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔

ہماری ذہنی صحت ہمارے رویوں، سوچ اور احساس کو متاثر کرتی ہے۔ جبکہ ذہنی صحت ان عوامل کو منفی انداز سے متاثر کرتی ہے۔ جبکہ اچھی ذہنی صحت ان کو پریشانیوں، اداسیوں اور مشکلات سے نمٹنا سکھاتی ہے۔ ذہنی بیماری کی علامات کا انحصار بیماری کی قسم پر ہوتا ہے جو کہ زیادہ شدید اور لمبے عرصہ تک رہنے والی ہوتی ہے۔ مرض کے شکار لوگ اور ان کے آس پاس رہنے والوں کے لئے پریشانی کا باعث بنتی ہے۔ روزمرہ کے کاموں اور تعلقات کو تباہ کر دیتی ہے۔

ذہنی امراض کی کئی اقسام ہیں۔ انہیں تین حصوں میں تقسیم کرتے ہیں۔

### شدید ذہنی امراض:

یہ مرض شدید اور ہمیشہ رہنے والے بھی ہو سکتے ہیں۔ جیسے شیزوفرینیا اور جنون اور یاسیت کی بیماری۔ اس طرح کے ذہنی امراض میں نہ تو مریض بیماری کو سمجھتا ہے اور نہ ہی اسے قبول کرتا ہے اور اس کا علاج کرانے سے بھی انکار کرتا ہے۔

### عام ذہنی امراض:

ان امراض میں ڈپریشن کی بیماری، گھبراہٹ، غیر یقینی خوف، خیالات کا تسلط اور تکرار عمل کی بیماریاں ہیں۔ اس طرح کے امراض میں مریض بیماری کو سمجھتا اور قبول کرتا ہے اور علاج کی ضرورت کو محسوس کرتا ہے۔

### دوسرے ذہنی امراض:

اس میں یادداشت کی بیماری، مرگی، نشہ، بچوں کے ذہنی امراض وغیرہ شامل ہیں۔

## ذہنی امراض کی علامات

جسمانی علامات میں درد، چکر آنا، بغیر کسی جسمانی وجہ سے گھبراہٹ ہونا، پیٹ میں درد، نیند نہ آنا، تھکن، بھوک نہ لگنا اور جنسی خواہشات میں کمی آنا۔

### نفسیاتی علامات:

اداسی، گھبراہٹ، بے چینی محسوس کرنا، زیادہ باتیں کرنا، ایسی باتیں کرنا جو دوسروں کی سمجھ میں نہ آئیں۔ عجیب وغریب اور بے تکے خیالات پیش کرنا، غلط باتوں پر یقین کرنا، یادداشت کمزور ہونا، فیصلہ کرنے یا توجہ دینے میں مشکل پیش آنا۔ غیر موجود چیزوں کو دیکھنا، سننا اور محسوس کرنا۔

ذہنی امراض کی وجوہات میں حیاتیاتی اور ماحولیاتی عناصر شامل ہیں۔

## حیاتیاتی عناصر

دماغی تبدیلیاں، دماغی تبدیلیوں سے ہونے والی وجوہات میں دماغ میں ہونے والی کیمیائی تبدیلیاں، انفیکشن مثلاً دماغ کی سوجن، دوران خون میں کمی، ٹیومر، دماغی چوٹ، لمبے عرصہ تک کی جانے والی شراب نوشی، غذائی کمی خصوصاً وٹامن کی کمی یا غیر علاج شدہ مرگی وغیرہ شامل ہیں۔

لمبے عرصہ تک رہنے والی بیماریاں۔ مثلاً ہیپاٹائٹس، انجائنا، شوگر، ڈپریشن کے امکانات کو بڑھا دیتی ہیں۔

چند ذہنی امراض میں موروثی عوامل ذہنی امراض کے ہونے کے امکانات کو بڑھا دیتے ہیں۔ لیکن یہ ضروری نہیں کہ خاندان میں کسی فرد کا ذہنی مریض ہونا خاندان کے دوسرے افراد میں ذہنی مرض ہونے کا سبب بنے۔

بعض ادویات جو کہ جسمانی بیماریوں کے لئے استعمال کی جاتی ہیں ایسے اثرات چھوڑ جاتی ہیں جن کی وجہ سے دماغ متاثر ہو سکتا ہے۔

## ماحولیاتی عناصر

خراب خاندانی تعلقات، پیار ومحبت، رہنمائی اور حوصلہ افزائی کی کمی تشدد اور مار پیٹ ذہنی امراض ہونے کا سبب بن جاتے ہیں۔

بہت زیادہ ذہنی دباؤ، ہمت افزائی کا فقدان، غربت، بیروزگاری، گھریلو لڑائی جھگڑے۔ سکول اور دفتر میں ہونے والے مسائل ذہنی امراض کی بنیاد بنتے ہیں۔

ذہنی بیماریاں کتنی عام ہیں۔ ذہنی امراض دنیا کے تمام ممالک اور معاشروں میں پائے جاتے ہیں۔ ایک اندازے کے مطابق دنیا کی آبادی کا ایک فیصد شدید ذہنی بیماریوں کا شکار ہے۔ بعض افراد میں ذہنی امراض زیادہ پائے جاتے ہیں۔ مثلاً معذور، لاعلاج بیماریاں، ضعیف العمر لوگ، بچے اور لاغر نوجوان وغیرہ۔

## ذہنی امراض کے متعلق عام سوچ کیا ہے؟

ذہنی امراض کے متعلق ناکافی معلومات کی وجہ سے ہمارے معاشرے میں کئی قسم کے شکوک وشبہات، ڈر اور خوف اور غلط فہمیاں پیدا ہو چکی ہیں۔ زیادہ تر

لوگ یہ نہیں جانتے کہ ذہنی امراض قابل علاج ہیں۔ عام طور پر سمجھا جاتا ہے کہ جنوں، بھوتوں، روحوں یا جادو کے اثر کی وجہ سے ذہنی امراض ہوتے ہیں اور ان کے علاج کے لئے نام نہاد عاملوں، فقیروں سے رجوع کرتے ہیں۔

ذہنی امراض کا عام ردعمل یہ ہے کہ لوگ متاثرہ شخص سے امتیازی سلوک روا رکھتے ہیں اور انہیں نظر انداز کیا جاتا ہے۔ ذہنی امراض میں مبتلا شخص کو خاندان یا محلے دار بلا وجہ تنگ کرتے ہیں۔

## طریقہ علاج

زیادہ تر ذہنی امراض کا علاج موجود ہے اور ان کا طریقہ علاج ذہنی بیماری کی قسم پر منحصر ہے۔ ذہنی بیماریوں کے علاج کے لئے مندرجہ ذیل طریقے اختیار کئے جاتے ہیں۔

نفسیاتی طریقہ علاج سے ذہنی امراض کا علاج بآسانی کیا جاسکتا ہے۔ اس طریقہ علاج کو مشاورت کہتے ہیں۔ اس میں مریض کی پریشانیوں کو سنا جاتا ہے اور انہیں ان کے مسائل کو حل کرنے یا حالات سے نمٹنے کے لئے مدد فراہم کی جاتی ہے۔

سماجی طریقہ علاج میں مریض کے خاندان کے ساتھ مل کر کام کیا جاتا ہے تاکہ مریض پر پڑنے والے سماجی دباؤ کو دور کیا جائے۔ اسے کام تلاش کرنے، رہنے کے لئے جگہ تلاش کرنے میں مدد دینا وغیرہ سماجی طریقہ علاج میں آتا ہے۔

## ادویات

شدید ذہنی امراض اور شدید ڈپریشن کے شکار لوگوں کے لئے ادویات کا استعمال سود مند ہوتا ہے۔ مشینی طریقہ علاج بھی شدید ذہنی دباؤ کے شکار افراد کے لئے نہایت مفید پایا گیا ہے۔

ذہنی امراض کے شکار مریضوں کے جلد صحت یاب ہونے کے امکانات اس وقت زیادہ ہوتے ہیں۔ جب وہ اپنا فوری اور وقت پر علاج کروائیں۔ باقاعدگی سے ڈاکٹر کے پاس جائیں۔ ایسے مریضوں کو سمجھنے اور مدد کرنے والے افراد خاندان، پڑوسی یا دوستوں میں موجود ہوں۔

مریض کے خاندان اور دوست، پڑوسی اسے اپنائیت دیں تاکہ مریض ذہنی دباؤ سے باہر نکل آئے۔ دماغی بیماری کے شکار کچھ لوگ جلد صحت یاب نہیں ہو پاتے لیکن اگر ان کی دیکھ بھال کی جائے اور سہارا دیا جائے تو وہ صحت یاب ہو کر روزمرہ کے کاموں میں حصہ لے سکتے ہیں۔ معاشرے کا ایک مؤثر فرد بن سکتے ہیں۔ کچھ ذہنی بیماریاں مثلاً یادداشت کی بیماری کا مکمل علاج موجود نہیں ہے۔ لیکن اگر تشخیص کے فوراً بعد مریض کی مکمل دیکھ بھال کی جائے تو بیماری کے بڑھنے کے عمل کو سست کیا جاسکتا ہے۔ جو مریض اور خاندان کے افراد کے ذہنی دباؤ کم کرنے میں مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔

ذہنی امراض کی تشخیص وعلاج کی سہولت ذہنی امراض کے شکار افراد کی دیکھ بھال اور مدد کے لئے نہایت اہم ثابت ہوسکتی ہے۔ کیونکہ اس طرح امراض کی جلد تشخیص و علاج میں مدد ملتی ہے۔ ذہنی امراض سے متاثرہ افراد کو ان کے اپنے علاقے یا کمیونٹی میں ہی دیکھ بھال کی سہولت میسر آتی ہے۔

خاندان کے افراد کو علاج میں شامل کیا جاسکتا ہے۔ دیکھ بھال کرنے والوں کی مدد کی جاسکتی ہے۔ اس بات کو یقینی بنایا جاسکتا ہے کہ مریضوں کی باقاعدہ دیکھ بھال ہو رہی ہے تاکہ وہ دوبارہ بیماری کا شکار نہ ہوں۔ کمیونٹی میں ذہنی صحت کے حوالے سے مثبت انداز فکر اور رویوں کے بارے میں تعلیم اور تشہیر ہوسکتی ہے۔

اچھی ذہنی صحت کے لئے ضروری ہے کہ ذہن کی نشوونما کی جائے۔ اس مقصد کے حصول کے لئے اس شعبے کے ماہر افراد کی مدد لینا ضروری ہے۔ ذہنی مرض ہونے کی صورت میں مناسب ادویات کی فراہمی اور علاج کے لئے مناسب سہولیات کی دستیابی ضروری ہے۔ سب سے بڑھ کر یہ بہت ضروری ہے کہ لوگوں میں ذہنی امراض کے حوالے سے شعور بڑھایا جائے اور ذہنی صحت کو خاص اہمیت دی جائے تاکہ ذہنی امراض سے پاک معاشرے کے حصول کا خواب ایک حقیقت بن جائے۔

انجینئر محمود مجیب اصغر صاحب

# حضرت صاحبزادہ مرزا مظفر احمد صاحب

حضرت صاحبزادہ مرزا مظفر احمد صاحب کی وفات 22 جولائی 2002ء کو امریکہ میں ہوئی تھی اور تدفین بہشتی مقبرہ ربوہ کے احاطہ خاص میں ہوئی۔

آپ سالہا سال امیر جماعت احمدیہ امریکہ کے طور پر خدمت کی توفیق پاتے رہے۔ آپ کی ولادت خلافت اولیٰ میں 28 فروری 1913ء کی ہے اور 89 سال کی عمر میں آپ نے خلافت رابعہ میں 22 جولائی 2002ء کو وفات پائی آپ موصی تھے اور آپ کا وصیت نمبر 5008 ہے۔

آپ ممبر سٹینڈنگ فنانس کمیٹی اور صدر صد سالہ جوبلی کمیٹی کے عہدوں پر فائز رہے۔

آپ ایڈیشنل صدر صدر انجمن احمدیہ بھی تھے حکومت میں جو عہدے آپ کو نصیب ہوئے اس میں آپ سیکرٹری مال مغربی پاکستان کے طور پر اور ایڈیشنل چیف سیکرٹری مغربی پاکستان کے طور پر پاکستان کی خدمت کرتے رہے آپ نے مرکزی وزیر حکومت برائے مال و منصوبہ بندی کے طور پر کارہائے نمایاں سرانجام دیئے۔

پھر ایگزیکٹو ڈائریکٹر عالمی بنک کے طور پر عالمی سطح پر خدمت کی توفیق پائی۔ دینی اور دنیوی کاموں کا موازنہ کرتے ہوئے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے فرمایا۔

’’ان کے دینی کارنامے دنیاوی کاموں سے بہت زیادہ ہیں۔ خلافت کے مقام کی جو فراست آپ کو حاصل تھی اور جو عشق تھا اور جس طرح آپ نے کامل اطاعت کا نمونہ دکھایا‘‘۔ اس سلسلے میں حضور نے فرمایا ’’انہیں بہت ہی غیر معمولی طور پر خلافت سے عشق تھا اور بڑے بھائی ہونے کے باوجود اس طور پر کامل فرماں برداری کرتے تھے کہ مجھے شرم آجاتی تھی۔‘‘

ماضی قریب میں مسیح موعود کے جن غلاموں کو عالمی سطح پر دنیاوی طور پر بھی اللہ تعالیٰ نے بے حد سرفراز فرمایا ان میں حضرت چوہدری ظفراللہ خان صاحب، صاحبزادہ مرزا مظفر احمد صاحب اور ڈاکٹر عبدالسلام صاحب نوبیل انعام یافتہ بڑے نمایاں نظر آتے ہیں اور یہ حقیقت ہے کہ انہیں یہ ساری بلندیاں حضرت مسیح موعود اور آپ کے مقدس خلفاء کی برکت اور دعاؤں سے حاصل ہوئیں۔ اتفاق سے ان تینوں شخصیات کی وفات خلافت رابعہ میں ہوئی اور حضور نے تینوں کے لئے بڑے ہی شاندار موزوں اور پرحکمت الفاظ استعمال فرمائے۔ صاحبزادہ مرزا مظفر احمد صاحب اعلیٰ تعلیم یافتہ فارن کوالیفائڈ اور پاک و ہند کے بیورو کریٹس میں سے تھے انہیں حکومت پاکستان میں بڑے بڑے عہدے ملے اور انڈس بیسن پراجیکٹ فراہمی پانی و بجلی اور سیم تھور کی روک تھام وغیرہ کے اکثر منصوبے انہی کی فکروسوچ اور اقتصادی مہارت کا نتیجہ ہیں۔ بدقسمتی سے ہمارے ملک میں مذہب اور فرقوں کی بناء پر جو تعصب ہے اس نے کئی حد سے گزرنے والے مجرموں کو جنم دیا اور ایک وہ بھی ہے جس نے صاحبزادہ صاحب پر قاتلانہ حملہ کیا جس کے بعد انہیں ورلڈ بنک میں امریکہ بھجوا دیا گیا جہاں انہوں نے بطور ایگزیکٹو ڈائریکٹر کام کیا۔ جیسا کہ بعض مضامین میں مضمون نگاروں نے ذکر کیا ہے بڑی بڑی شخصیات کے لئے بھی صاحبزادہ صاحب بڑے نافع الناس وجود تھے اور ان ہی کے پاس امریکہ قیام کرتے رہے۔

خلافت ثالثہ میں اور خلافت رابعہ میں بھی میں نے چند بار صاحبزادہ مرزا مظفر احمد صاحب کو بھی دعا کے لئے خط لکھے اور حیرت ہے اتنی مصروف زندگی اور اعلیٰ عہدے پر فائز ہونے کے باوجود ان کے باقاعدہ جوابی خط آئے۔ اللہ تعالیٰ ان کو جزائے خیر عطا فرمائے اور درجات بلند فرمائے۔ آمین

1978ء کی بات ہے میں نے انہیں لکھا کہ 1966ء کا گریجویٹ انجینئر ہوں کیا مجھے ورلڈ بنک میں ملازمت مل سکتی ہے انہوں نے ازراہ شفقت ورلڈ بنک کا درخواست فارم بھجوایا جسے پُر کرکے میں نے دیئے ہوئے ایڈریس پر بھیجا۔ جواباً ورلڈ بنک کے متعلقہ محکمہ کی چٹھی آئی کہ ورلڈ بنک میں ملازمت کے لئے پی ایچ ڈی یا کم از کم ایم ایس سی انجینئرنگ ہونا ضروری ہے۔ اس واقعہ سے صاحبزادہ صاحب کے اس ہمدرد دل کی نشاندہی ضرور ہوتی ہے جو ان کے سینہ میں دھڑک رہا تھا۔

